# مسیح کی دُلہن




23
امیزنگ فیکٹس
اسٹڈی گائیڈ



**بائبل مقدّس** فرماتی ہے لیکن وہاں ایک ہی بدن، یا کلیسیا ہے، جس میں آخیر زمانہ میں رہنے والے لوگوں کو یسُوع اپنی دُلہن کہتا ہے۔ کچھ لوگوں کے نزدیک، یہ چونکا دینے والا امر ہے، کیوں کہ آج ہزاروں کلیسیائیں موجود ہیں جو خود کو مسیحی کہتی ہیں۔ تقریباً اُن میں سے ہر ایک خُدا کی کلیسیا ہونے کا دعویٰ کرتی ہے، لیکن پھر بھی اُن میں سے ہر ایک بائبل مقدّس کی تشریح، اِیمان اور عمل میں وسیع پیمانے پر اختلاف رکھتی ہیں۔ لیکن سچائی کے وفادار متلاشی کے لیے ہر ایک کے دعوے کی چھان بین کرنا بالکل نا ممکن ہے۔ تاہم، ہم شکر گزار ہو سکتے ہیں کہ یسُوع نے اپنی کلیسیا کو اتنی تفصیل سے بیان کر کے ہمارے لیے اِس مخمصے کو حل کر دیا ہے کہ آپ آسانی سے اِس کی شناخت کر سکتے ہیں! یہ واضح اور طاقتور تفصیل، مکاشفہ 12 اور 14 ابواب میں پائی جاتی ہے، اور یہ حیرت انگیز سچائیوں کو سنسنی خیز طور پر سمجھنے میں آپ کی حوصلہ افزائی کرے گی جو آخری اوقات میں آپ کی مدد کرے گی۔

ملاحظہ کریں: برائے مہربانی، اِن تبدیل کرنے والی سچائیوں کی دریافت کا اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے (مکاشفہ 12:1-17) کو پڑھیں۔




## 1 یسُوع کس نبُوّتی علامت کے ذریعہ سچی کلیسیا کی نمائندگی کرتا ہے؟

"میں دخترِ صیون کو شکیل اور نازنین سے تشبیہ دی ہے" (یرمیاہ 2:6)۔ "آؤ ہم خُوشی کریں اور نہایت شادمان ہوں اور اُس کی تمجِید کریں۔ اِس لئے کہ برّہ کی شادی آ پہنچی اور اُس کی بیوی نے اپنے آپ کو تیّار کر لیا۔ 8 اور اُس کو چمک دار اور صاف مہین کتانی کپڑا پہننے کا اِختیار دِیا گیا کیونکہ مہین کتانی کپڑے سے مقدّس لوگوں کی راست بازی کے کام مراد ہیں" (مکاشفہ 19:7، 8)۔

**جواب:** ہم نے مطالعاتی گائیڈ نمبر 22 میں سیکھا ہے کہ یسُوع اپنی حقیقی کلیسیاء کو (صیُون کی بیٹی) ایک پاک عورت کی علامت سے ظاہر کرتا ہے اور جھوٹی برگشتہ، کلیسیاء کو ایک فاحشہ عورت کی علامت سے۔ (2۔کرنتھیوں 2:11؛ افسیوں 22:5، 23؛ اور یسعیاہ 16:51 بھی دیکھیں)۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved



## 2 (مکاشفہ 1:12) میں، یسُوع اپنی کلیسیا کو بطور ایک عورت ”جو آفتاب کو اوڑھے ہوئے ہے۔ “اور چاند اُس کے پاؤں کے نیچے تھا ”اُس کے ”ساتھ “اور بارہ ستاروں کا تاج اُس کے سر پر ہے [KJV]۔ ان علامتوں کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** سُورج یسُوع، اُس کی انجیل، اور اُس کی راستبازی کی نمائندگی کرتا ہے" کیونکہ خُداوند خُدا آفتاب ہے" (زبور 11:84). (ملاکی 2:4 بھی ملاحظہ کریں۔) یسُوع کے بغیر، کوئی نجات نہیں ہے (اعمال 12:4)۔ کسی بھی چیز سے بڑھ کر، یسُوع چاہتا ہے کہ اُس کی کلیسیا اُس کی حضوری اور جلال کے ساتھ بھر جائے۔ "اُس کے پاؤں تلے چاند" عہد نامہ قدیم کے قربانی کے نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔ جیسا کہ چاند سُورج کی روشنی کی عکاسی کرتا ہے، لہذا قربانی کا نظام رُوحانی طور پر صرف مددگار ثابت ہوا تھا جس سے مسیح سے آنے والی روشنی کی عکاسی ہوتی تھی (عبرانیوں 1:10). "بارہ ستاروں کا تاج" اُن 12 شاگردوں کے کام کی نمائندگی کرتا ہے, جس نے نئے عہد نامہ کی کلیسیا کے ابتدائی سالوں کو سر فرازی اور جلال بخشا۔

## 3 اگلی، پیشینگوئی میں کہا گیا ہے کہ عورت تکلیف میں ہے ،ایک بچہ جننے والی ہے وہ لڑکا جو لوہے کے عَصا سے سب قَوموں پر حُکومت کرے گا" اور وہ بیٹا جنی (مرد بچہ) اُس کے بعد اُس کا بچّہ یکایک خُدا اور اُس کے تخت کے پاس تک پہُنچا دِیا گیا” (مکاشفہ 1:12، 2، 5)۔ یہ بچہ کون تھا؟

**جواب:** وہ بچہ یسُوع تھا۔ وہ ایک دن تمام قوموں پر لوہے کے عصا کے ساتھ حکمرانی کرے گا (مکاشفہ 15-13:19؛ زبور 9-7:2؛ یوحنا 3-1:1، 14) یسُوع، جسے ہمارے گناہوں کے لئے مصلوب کیا گیا، وہ مردوں میں سے جی اٹھا اور آسمان پر اُٹھایا گیا (اعمال 11-9:1)۔ ہماری زندگیوں میں اُس کے جی اٹھنے کی طاقت یسُوع کے اپنے لوگوں کے لئے ضروری نعمتوں میں سے ایک ہے (فلپیوں 10:3)۔



## 4

## (مکاشفہ 12:3،4) میں "ایک زبردست، آگ اُگلنے والا لال اژدہا" متعارف کرایا گیا ہے جو "مرد بچے" سے نفرت کرتا تھا اور اُسے پیدائش کے وقت ہی مارنے کی کوشش کی تھی۔ (شاید آپ اُس اژدہا کے بارے مطالعاتی گائیڈ نمبر 20 میں سے یاد ہو۔ کہ وہ اژدہا کون تھا؟

**جواب:** اژدہا شیطان کی نمائندگی کرتا ہے، جسے آسمان سے نکالا گیا تھا (مکاشفہ 12:7-9) اور جو یسُوع کی پیدائش کے وقت بُت پرست رومی سلطنت کے لیے کام کر رہا تھا۔ حکمران جس نے پیدائش کے وقت یسُوع کو قتل کرنے کی کوشش کی تھی وہ ہیرودیس تھا، جو بُت پرست روم کا ایک بادشاہ تھا۔ اُس نے بیت الحم کے تمام چھوٹے لڑکوں کو قتل کیا، اِس اُمید پر کہ اُن میں سے ایک یسُوع ہو گا (متی 2:16)۔



## 5

## اژدہا کے "سات سر" اور "دس سینگ" اور زمین پر گرائے جانے والے "آسمان کے ستاروں کے ایک تہائی حصّے" کے کیا معنی ہیں؟

**جواب:** "سات سر" اُن سات پہاڑیوں یا پہاڑوں کی نمائندگی کرتے ہیں جن پر روم تعمیر کیا گیا تھا (مکاشفہ 17:9،10)۔ ہم اب تک اپنی مطالعاتی گائیڈز میں تین مرتبہ سات سروں اور 10 سینگوں والے حیوان کا سامنا کر چکے ہیں (مکاشفہ 12:3؛ 13:1؛ 17:3)۔ "دس سینگ" حکومتوں یا قوموں کی نمائندگی کرتے ہیں، جو خُدا کے لوگوں اور کلیسیا پر ہونے والے ظلم و ستم میں بڑی قوتوں کی حمایت کرتے ہیں، بُت پرست رومی دَور میں (مکاشفہ 12:3،4)، اُنہوں نے 10 وحشی قبائل کی نمائندگی کی جنہوں نے رومی سلطنت کا خاتمہ کرنے میں بالآخر پاپائیت کی حمایت کی (دانی ایل 7:23،24)۔ یہ قبائل بعد میں جدید یورپ بن گئے۔ آخری ایام میں وہ دُنیا کی تمام اقوام کی نمائندگی کرتے ہیں جو آخری وقت کے اتحاد میں شامل ہوتی ہیں (مکاشفہ 16:14؛ 17:12،13،16)۔ جو خُدا کے لوگوں کے خلاف جنگ میں "عظیم بابل" کی حمایت کریں گی۔

''آسمان کے ایک تہائی ستارے'' وہ فرشتے ہیں جنہوں نے لوسیفر کی آسمان پر بغاوت میں مدد کی تھی اور جنہیں اُس کے ساتھ گرادیا گیا تھا (مکاشفہ 12:9؛ لوقا 10:18؛ یسعیاہ 14:12)۔

### ایک جائزہ اور خلاصہ

اب تک، پیشینگوئی نے بائبل مقدّس کے درج ذیل حقائق کا احاطہ کیا ہے:

1۔ خُدا کی حقیقی کلیسیا ایک پاکیزہ عورت کی علامت میں نظر آتی ہے۔
2۔ یسُوع کلیسیا میں پیدا ہوا۔
3۔ شیطان، بُت پرست روم کے بادشاہ ہیرودیس کے ساتھ مل کر، یسُوع کو قتل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔
4۔ شیطان کی منصوبہ بندی ناکام ہے۔
5۔ یسُوع کے صعود کی تصویر کشی ہوئی۔



## 6 یسُوع کے قتل کے ناکام منصوبے کے بعد شیطان نے کیا کیا؟

''اور جب اژدہا نے دیکھا کہ میں زمین پر گرا دِیا گیا ہُوں تو اُس عورت کو ستایا جو بیٹا جنی تھی'' (مکاشفہ 12:13)۔





**جواب:** چونکہ وہ اَب یسُوع پر ذاتی طور پر حملہ کرنے کے قابل نہیں تھا، لہذا اُس نے اپنے قہر کو خُدا کی کلیسیاء اور اُس کے لوگوں سے انتقام لینے اور ظلم و ستم کا مقصد بنالیا۔

مکاشفہ کے 12 اور 14 ابواب میں، یسُوع ہمیں اپنی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کی شناخت کرنے کے لیے چھ وضاحتی نکات دیتا ہے۔ اُن پر غور کیجیے گا جب آپ اِس مطالعاتی گائیڈ میں خُدا کے ''بقیہ'' کا مطالعہ کرتے ہیں۔

## 7 مکاشفہ 12:6، 14 میں عورت (کلیسیا) نے خود کو بچانے کے لئے کیا کیا، اور ''بیابان'' کیا ہے؟

**جواب:** آیات 6 اور 14 کہتی ہیں، ''اور وہ عورت اُس بیابان کو بھاگ گئی،'' جہاں اُسے ''ایک دَور، دَوروں اور آدھے دَور'' (یا 1،260 لفظی سالوں) کے لئے اژدہا کے قہر سے محفوظ کیا گیا تھا۔ جو پوپائی۔ روم کے ذریعے کام کر رہا تھا۔ ''دوپر'' اُس محافظت اور مدد کی نمائندگی کرتے ہیں جو خُدا نے ''بیابان'' میں کلیسیاء کو وقت دیا۔ (خروج 19:4؛ استثنا 32:11)۔ بیابان میں گزرا ہوا وقت پوپ کی شُہرت اور ظلم و ستم کا ایک ہی 1،260 سالہ



(مکاشفہ 6:12) کے 1،260 دن پاپا ئیت کی حکمرانی کے 1،260 لفظی سالوں کا حوالہ دیتے ہیں جن کا بائبل مقدّس کی پیشینگوئی میں نرمی سے ذکر کیا گیا ہے۔


عرصہ ہے (538 سے 1798 عیسوی) جو بار بار ہوتا ہے۔ بائبل مقدّس کی پیشینگوئی میں مرقوم ہے۔ یاد رکھیں، نبُوّت کا ایک دن ایک لفظی سال کے برابر ہوتا ہے (حزقی ایل 6:4)۔

"بیابان" کی اصطلاح سے مراد زمین کے تنہا مقامات ہیں (پہاڑ، غاریں، جنگلات وغیرہ) جہاں خُدا کے لوگ چھپ سکتے تھے اور مکمل تباہی سے بچ سکتے تھے (عبرانیوں 11:37،38)۔ اور والڈ ینس، البیجینس، ہو گنوٹس اور خُدا کے لوگ (اُس کی کلیسیا) تباہ ہو چکے ہوتے اگر وہ پاپائیت کی طرف سے اُس کے تباہ کن ظلم و ستم کے دوران بھاگ کر بیابان میں نہ چھپ جاتے۔ 1 (ایک 40 سالہ مدت میں، "جیسوٹس کے حکم کے آغاز سے۔ سن 1540 سے، 1580 تک، نو لاکھ قتل ہوئے۔ 30 سالوں میں ایک لاکھ پچاس ہزار تحقیقات کے دوران ہلاک ہوئے۔"[1] اِس 1،260 سالہ دور میں کم از کم 50 ملین افراد اپنے ایمان کی خاطر شہید ہوئے۔ خُدا کی کلیسیا اُن سالوں کے دوران ایک باضابطہ {سرکاری} تنظیم کے طور پر موجود نہیں تھی۔ سن 538 سے سن 1798 تک، یہ فعال تو تھی لیکن با قاعدہ تنظیمی اعتبار سے قابل شناخت نہیں تھی۔ جب یہ 1،260 سالوں کے بعد غاروں سے باہر آئی تو اس کے پاس اب بھی وہی عقیدہ اور خصوصیات تھیں جو ابتدائی کلیسیاء کی تھیں۔

اَب ہم نے یسُوع کی آخری وقت کی کلیسیا کی پہلی دو شناختی نشانیاں دریافت کر لی ہیں:

1۔ یہ سرکاری طور پر سن 538۔1798 عیسوی کے درمیان ایک تنظیم کے طور پر موجود نہیں ہو گی۔

2۔ یہ سن 1798 کے بعد اُٹھے گی اور اپنا آخری وقت کا کام کرے گی۔



خوفناک ظُلم و ستم سے بچنے کے لیے خُدا کے بہت سے لوگ امریکہ بھاگ گئے۔

کلیسیاوں میں بہت سے محبّت کرنے والے، حقیقی مسیحی موجود ہیں جو 1798 سے پہلے باضابطہ طور پر موجود تھے۔ لیکن اُن کلیسیاؤں میں سے کوئی بھی خُدا کی آخری وقت کی کلیسیا نہیں ہو سکتی ہے جس میں یسُوع اپنے تمام لوگوں کو بلا رہا ہے""کیونکہ یسُوع کی آخر وقت کی کلیسیا کو سن 1798 کے بعد وجود میں آنا تھا۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ بیشتر مقبول پروٹسٹنٹ کلیسیائیں خُدا کی آخری وقت کی کلیسیا نہیں ہو سکتی ہیں کیونکہ وہ 1798 عیسوی سے پہلے باضابطہ طور پر موجود تھیں۔



کپڑے کی ایک بقیہ ایک تھان کا آخری باقی حصّہ ہے، یہ ایک ہی تھان سے پہلے ٹکڑا سے ملتا ہے۔

## 8 (مکاشفہ 17:12) میں، خُدا اپنی آخری وقت کی کلیسیا کو [بقیہ KJV] کہتے ہیں۔ لفظ "بقیہ" کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** اِس کا مطلب آخری باقی حصّہ ہے، یسُوع کی کلیسیا کے حوالے سے، اس کا مطلب یہ ہے کہ آخری دنوں کی کلیسیا، جس کا اِیمان کلام پاک کے تمام نوشتوں پر ہو گا جیسے، رسولی کلیسیا کا تھا۔

1. Albert Barnes, *Notes on Daniel,* comment on Daniel 7:25, 328.

## 9 (مکاشفہ 17:12) میں یسُوع نے اپنی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کے بارے میں کون سی اضافی دو نکاتی وضاحت کی؟

**جواب:** یہ تمام دس احکام کو مانے گی، بشمول چوتھے حکم کے ساتویں دن کا سبت (یوحنا 15:14؛ مکاشفہ 14:22)۔ اِس کے پاس "یسُوع کی گواہی" بھی ہو گی، جو بائبل مقدّس ہمیں بتاتی ہے کہ "یسُوع کی گواہی نبوّت کی رُوح ہے" (مکاشفہ 10:19)۔ (نبوّت کی رُوح کی مکمل وضاحت کے لئے مطالعاتی گائیڈ نمبر 24 دیکھیں۔)

اَب ہمارے پاس یسُوع کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کی شناخت کے لیے اگلے دو نکات ہیں:

3۔ یہ خُدا کے احکام کی پابندی کرے گی چوتھے حکم کے ساتویں دن کے سبت سمیت۔

4۔ اِس میں نبوّت کی نعمت بھی ہو گی۔

یاد رکھیں جب کہ مخلص مسیحیوں کے لشکر کلیسیا میں پائے جاتے ہیں جو سبت کو پاک نہیں رکھتے ہیں اور نہ ہی نبوّت کی نعمت رکھتے ہیں، یہ کلیسیا میں خُدا کی بقیہ یعنی آخری وقت کی کلیسیا نہیں ہو سکتے جس میں یسُوع آخری دنوں کے مسیحیوں کو بُلا رہا ہے کیونکہ خُدا کی آخری وقت کی کلیسیا خُدا کے تمام احکام کو مانے گی اور اُس کے پاس نبوّت کی رُوح کی نعمت بھی ہو گی۔




## 10 کیا خُدا کی بقیہ کلیسیا کی پہچان کے لئے آخری دو نکات مکاشفہ کتاب فراہم کرتی ہے؟

**جواب:** چھ کے آخری دو نکات یہ ہیں:

5۔ یہ ایک عالمگیر مشنری تحریک، کلیسیا ہو گی (مکاشفہ 6:14)۔

6۔ یہ (مکاشفہ 6:14-14) کے تینوں فرشتوں کے پیغامات کی تبلیغ کرے گی، جن کا خلاصہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

الف۔ خُدا کی عدالت جاری ہے۔ اُسی کی عبادت کرو! خدا کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا ضرور تبلیغ کرے گی کہ خُدا کی عدالت 1844 میں شروع ہوئی (مطالعاتی گائیڈز نمبر 18 اور 19 ملاحظہ کریں) یہ لوگوں سے بھی مطالبہ کرتی ہے کہ "اُسی کی عبادت کرو جس نے آسمان اور زمین اور سمندر اور پانی کے چشمے پیدا کیے" (مکاشفہ 7:14)۔ ہم خُدا کی بطورِ خالق عبادت کیسے کرتے ہیں؟ چوتھے حکم میں خُدا نے جواب لکھا ہے۔ "یاد کر کے تُو سبت کا دِن پاک ماننا... کیونکہ خُداوند نے چھ دِن میں آسمان اور زمین اور سمندر اور جو کچھ اُن میں ہے وہ سب بنایا اور ساتویں دِن آرام کیا۔ اِس لئے خُداوند نے سبت کے دِن کو برکت دی اور اُسے مقدّس ٹھہرایا" (خروج 20:8،11)۔ لٰہذا، پہلے فرشتے کا پیغام سب کو حکم دیتا ہے کہ وہ اُس کے ساتویں دِن کے سبت کو مقدّس جان کر خالق کے طور پر خُدا کی عبادت کریں، جسے اُس نے تخلیق کی یادگار کے طور پر دیا تھا۔

ب۔ بابل کی گرتی ہوئی کلیسیاؤں سے نکل آؤ۔

ج۔ نہ حَیوان کی عبادت کریں اور نہ ہی اُس کی چھاپ حاصل کریں، جو خُدا کے حقیقی سبت کی جگہ پر اتور کو پاک دِن کے طور پر منا رہا ہے۔ تمام جعل سازوں سے ہوشیار رہیں۔

آیئے اَب اُن چھ نکات پر نظرثانی کریں جو یسُوع ہمیں اپنی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کی شناخت کے لئے دیتا ہے:



خُدا کی بقیہ کلیسیا تین فرشتوں کے پیغام کی دُنیا بھر میں تبلیغ کر رہی ہو گی۔

1۔ یہ سن 538 سے 1798 عیسوی کے درمیان ایک باضابطہ تنظیم کے طور پر موجود نہیں ہو گی۔

2۔ یہ سن 1798 کے بعد نمودار ہو گی اور اپنا کام کرے گی۔

3۔ یہ دَس احکام کو برقرار رکھے گی، جس میں ساتویں دن سبت بھی شامل ہے۔

4۔ اُس میں نبُوّت کی رُوح کی نعمت بھی ہو گی۔

5۔ یہ ایک عالمگیر مشنری کلیسیا ہو گی۔

6۔ یہ یسُوع کے (مکاشفہ 14:6-14) کے تین نکاتی پیغام کی تعلیم اور تبلیغ کرے گی۔

## 11 اَب جب کہ ہم نے یسُوع کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کے لیے چھ شناختی نکات قائم کیے ہیں، یسُوع ہمیں کیا کرنے کے لیے کہتا ہے، اور اِس کے نتائج کیا ہیں؟



**جواب:** "ڈُھونڈو تو پاؤ گے" (متی 7:7)

یسُوع آپ کو یہ چھ امتیازی صفات دیتا ہے اور کہتا ہے، "جاؤ میری کلیسیاء کو تلاش کرو۔" وہ وعدہ کرتا ہے کہ جو لوگ آسمانی چیزوں کی جستجو کرتے ہیں وہ اُنہیں مل جائیں گی۔



## 12 کتنی کلیسیائیں اِن چھ امتیازی صفات پر پُورا اُترتی ہیں ؟

**جواب:** یسُوع نے یہ مخصوص امتیازی خصوصیات بتائی ہیں وہ صرف ایک کلیسیا کے اندر ملتی ہیں۔ یسُوع نے مبہم عام باتیں نہیں کہیں جیسے "میری کلیسیا میں بہت سارے اچھے لوگ ہوں گے" اور "یہاں کچھ ریاکار بھی ہوں گے۔" یہ دو نکات کتنی کلیسیاؤں پر پورے اُتریں گے ؟ سب پر، یہ دونوں نکات کونے والی پرچون کی دُکان اور شہری کلبوں پر بھی پورے اُترتے ہیں ! وہ ہر چیز میں فٹ ہو جائیں گے، اور اِس کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ اِس کے بجائے، یُسوع نے اَیسے واضح، امتیازی، انتہائی تفصیلی نکات پیش کیے جو صرف ایک ہی کلیسیاء یعنی—— سیونتھ ڈے ایڈوینٹسٹ کلیسیا پر پورے اُترتے ہیں۔ آیئے اِن امتیازی خصوصیات کو دوبارچیک کریں۔



### سیونتھ ڈے ایڈوینٹسٹ کلیسیاء :

1۔ یہ سن 538 اور 1798 کے درمیان ایک باضابطہ تنظیم کے طور پر موجود نہیں تھی۔

2۔ سن 1798 کے بعد یہ 1840 کی دہائی کے اوائل میں بننا شروع ہوئی۔

3۔ دس احکام کی پابندی کرتی ہے جس میں چوتھا حکم خُدا کا ساتواں دن سبت بھی شامل ہے۔

4۔ اِس کے پاس نبُوّت کی رُوح کی نعمت ہے۔

5۔ دُنیا بھر میں تقریباً تمام ممالک میں کام کرنے والے یہ ایک مشنری کلیسیا ہے۔

6۔ یہ یسُوع (مکاشفہ 14-6:14) کے تین نکاتی پیغام کو سکھاتی اور اُس کی تبلیغ کرتی ہے۔

**یسُوع آپ سے اِن چھ امتیازی نکات کو دیکھنے اور جانچنے لئے کہتا ہے۔ کیا یہ آسان ہے. آپ اِسے جھٹلا نہیں سکتے۔**

ملاحظہ : براہ کرم یاد رکھیں کلیسیاؤں میں بہت سے محبّت کرنے والے مسیحی ہیں جو اِن نکات پر پورا نہیں اُترتے ہیں، لیکن اَیسی کوئی کلیسیا خُدا کا آخر وقت کا بقیہ نہیں ہو سکتی جس میں وہ اُن تمام لوگوں کو بلا رہا ہے۔

## 13 جب یسُوع کے بچوں میں سے ایک اُس کی محبّت بھری انتہاہی بلاہٹ پر توجہ دیتا ہے اور بابل سے باہر نکل آتا ہے (مکاشفہ 4،2:18)، یسُوع اُس مرد/عورت سے آگے کیا کرنے کو کہتا ہے ؟

"تُم ایک بدن ہونے کے لیے بُلائے بھی گئے ہو" (کلسیوں 15:3)۔ "اور وُہی [یسُوع] بدن یعنی کلیسیا کا سر ہے" (کلسیوں 18:1)۔

**جواب:** بائبل مقدّس کہتی ہے کہ خُدا کے لوگوں کو ایک بدن، کلیسیا میں بلایا جاتا ہے۔ یسُوع بابل سے باہر آنے والوں سے کہتے ہیں کہ وہ اُس کی بقیہ کلیسیاء میں شامل ہوں—— جس کا وہ سر ہے۔ یسُوع نے فرمایا، "اور میری اَور بھی بھیڑیں ہیں جو اِس بھیڑ خانہ کی نہیں..." (یوحنا 16:10)۔ وہ عہد نامہ قدیم (یسعیاہ 1:58) اور نیا عہد



نامہ جدید (مکاشفہ 4:18) دونوں میں بھی اُنہیں "میرے لوگ" کہتا ہے۔ "اور میری اَور بھی بھیڑیں ہیں جو اِس بھیڑ خانہ کی نہیں۔ مجھے اُن کو بھی لانا ضرُور ہے اور وہ میری آواز سُنیں گی۔ پھر ایک ہی گلّہ اور ایک ہی چرواہا ہو گا... میری بھیڑیں میری آواز سُنتی ہیں ...اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں" (یوحنا 16:10، 27)۔

## 14 کوئی ایک بدن میں، کلیسیا میں کیسے داخل ہوتا ہے؟

"خواہ یہودی ہوں خواہ یُونانی —— ایک ہی رُوح کے وسِیلہ سے ایک بدن ہونے کے لئے بپتِسمہ لِیا" (1۔ کرنتھیوں 13:12)۔

**جواب:** ہم بپتسمہ کے ذریعہ یسُوع مسیح کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا میں داخل ہوتے ہیں۔(بپتسمہ سے متعلق تفصیلات کے لیے مطالعاتی گائیڈ نمبر 9 دیکھیں۔)

## 15 کیا بائبل مقدّس اِس بات کا کوئی دوسرا ثبوت فراہم کرتی ہے کہ یسُوع کے پاس صرف ایک بقیہ کلیسیا ہے جس میں وہ اپنے تمام لوگوں کو بلا رہا ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔ یہ ایک ہی ہے۔ آیئے اِس کا جائزہ لیں:

الف۔ بائبل کا کہنا ہے کہ صرف ایک حقیقی بدن یا کلیسیاء ہے (افسیوں 4:4؛ کلسیوں 18:1)۔

ب۔ بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ ہمارا زمانہ نوح کے دنوں کی طرح ہے (لوقا 26:17، 27)۔ نوح کے دِنوں میں بچنے کے کتنے طریقے تھے؟ صرف ایک —— کشتی تھی۔ ایک بار پھر آج، خُدا نے ایک کشتی مہیا کی ہے، یعنی کلیسیاء، جو اُس کے لوگوں کو زمین کے آخری واقعات میں بحفاظت لے جائے گی۔ اِس کشتی کو مت چھوڑیں!

## 16 خُدا کی بقیہ کلیسیا کے بارے میں خوشخبری کیا ہے؟

**جواب:**

الف۔ اِس کا مرکزی موضوع ہے "ابدی خُوشخبری" —— یعنی راستبازی صرف یسُوع پر اِیمان لانے سے ہے (مکاشفہ 6:14)۔

ب۔ یہ اُس پتھر یعنی "چٹان مسیح" پر تعمیر کی گئی ہے"۔ (1۔ کرنتھیوں 11:3؛ 4:10)، "اور عالم ارواح کے دروازے اُس پر غالب نہ آئیں گے" (متی 18:16)۔

ج۔ یسُوع اپنی کلیسیا کے لیے موا۔ (افسیوں 25:5)۔

د۔ یسُوع اپنی بقیہ کلیسیا کی ایسی جامع وضاحت کرتا ہے کہ اُس کی پہچان کرنا آسان ہے۔ وہ گری ہوئی کلیسیاؤں کو بھی بیان کرتا ہے اور اپنے لوگوں کو اُن میں سے باہر بلاتا ہے۔ شیطان صرف اُن لوگوں کو شکار کرے گا جو اُس کی محبّت بھری دعوت کے لیے اپنی آنکھیں اور دل بند رکھتے ہیں۔

ح۔ اُس کے تمام عقائد بالکل سچے ہیں (1۔ تیمتھیس 15:3)۔





## 17 خُداکے بقیہ لوگوں کے بارے میں اچھی خبر کیا ہے؟

**جواب:** وہ کریں گے :

الف۔اُس کی آسمانی بادشاہی میں بچائے جائیں گے (مکاشفہ 2:15)۔

ب۔یُسوع کی "طاقت "اور "خُون" کے ذریعہ شیطان پر غالب آئیں گے (مکاشفہ 11،10:12)۔

ج۔ صبر کرنے والے ہونگے (مکاشفہ 12:14)۔

د۔اُن کے پاس یسُوع کا سااِیمان ہو گا (مکاشفہ 12:14)۔

ح۔اَبدی آزادی حاصل کریں گے (یوحنا 32،31:8)۔

## 18 زمین کا وقت آپہنچا تھوری دیر باقی ہے۔یسُوع کی دُوسری آمد تینوں فرشتوں کے پیغامات کی تشہیر کے فوراًبعد آتی ہے (مکاشفہ 14-6:14)۔آب یسُوع کی اپنے لوگوں سے فوری درخواست کیا ہے؟

"تو اور تیرا سارا گھرانہ ، کشتی کے اندر آ جاؤ " (پیدائش 1:7)۔

**جواب:** نُوح کے زمانے میں، صرف آٹھ لوگوں نے (بشمول نوح) خُدا کی دعوت پر دھیان دیا۔ یسُوع اپنی آخری وقت کی کشتی، بقیہ کلیسیا کے دروازے پر آپ کے لیے انتظار کر رہا ہے۔



ملاحظہ کریں: (مکاشفہ 14-6:14) کے تینوں فرشتوں کے پیغامات پر سنسنی خیز سلسلہ میں یہ ہماری آٹھویں مطالعاتی گائیڈ ہے۔اِس سلسلے کی آخری مطالعاتی گائیڈ میں نبُوّت کی رُوح کی نعمت پر گفتگو ہو گی۔

## 19 کیاآپ یسُوع کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کی حفاظت میں آنے کے لیے اُس کی پکار پر دھیان دینے کے لیے تیار ہیں؟

آپ کا جواب: ☐

# آپ کے سوالات کے جوابات

## 1۔ چین، دُنیا کی تقریباً ایک چوتھائی آبادی کے ساتھ، بمشکل خوشخبری سے آشنا ہوا ہے۔ کیا اِسے وہاں ہر ایک بشر تک پہنچنے کے لئے ایک طویل وقت نہیں لگے گا؟

**جواب:** "... یہ آدمیوں سے تو نہیں ہو سکتا لیکن خُدا سے ہو سکتا ہے کیونکہ خُدا سے سب کچھ ہو سکتا ہے" (مرقس 27:10)۔ بائبل مقدّس میں خُداوند کا فرمان ہے "کیونکہ خُداوند اپنے کلام کو تمام اور مُنقطع کر کے اُس کے مطابِق زمین پر عمل کرے گا" (رومیوں 28:9)۔ وہی خُداوند جس نے یوناہ کو 40 دنوں سے کم عرصے میں پورے شہر کو توبہ کرنے کی توفیق دی (یوناہ 3 باب) میں وہ کہتا ہے کہ اِس کا کام اتنی تیز رفتاری سے آگے بڑھے گا کہ خُدا کی کلیسیا کے لیے رُوحوں کی زبردست آمد کو مناسب طریقے سے سنبھالنا تقریباً ناممکن ہو جائے گا (عاموس 13:9)۔ خُدا نے اِس کا وعدہ کیا۔ یہ ضرور ہو گا—اور جلد ہو گا!

## 2۔ کیا واقعی ایک سنگین خطرہ ہے کہ بہت سے مسیحیت کے دعویدار لوگ یسُوع کی آمدِ ثانی پر دُشمن کا شکار ہو جائیں گے اور کھو جائیں گے؟

**جواب:** یسُوع نے اِس نقطہ کو واضح کر دیا۔ اُس نے متعدد چیزوں سے خبردار کیا جو مسیحیوں کو تباہ و برباد کر دیں گی: (1) حد سے زیادہ کھاؤ (کے جے وی)، (2) شراب نوشی، (3) اِس زندگی کی فکریں اور (4) غفلت اور سُستی (لوقا 34:21؛ مرقس 34:13-36)۔

الف۔ زیادتی کسی بھی چیز میں حد سے زیادہ۔ کھانا، کام کرنا پڑھنا، تفریح کرنا وغیرہ۔ یہ توازن کو بگاڑتا ہے اور واضح سوچ کو ختم کر دیتا ہے۔ یہ یسُوع کے ساتھ وقت گزارنے کو بھی روکتا ہے۔

ب۔ شرابی پن سے مراد اَیسی چیزیں ہیں جو احمق بناتی ہیں اور ہمیں آسمانی چیزوں کا ذائقہ دیتی ہیں۔ مثال کے طور پر فحش نگاری، ناجائز جنسی تعلقات، بُرے لوگوں کی صحبت، بائبل مقدّس کے مطالعہ اور دُعا کو نظرانداز کرنا، اور چرچ کی خدمات سے گریز کرنا شامل ہیں۔ اَیسی چیزیں لوگوں کی خوابوں کی دُنیا میں رہنے کا سبب بنتی ہیں اور یوں اُس سے محروم ہو جاتے ہیں۔

ج۔ اس زندگی کی فکریں مسیحیوں کو تباہ کر دیتی ہے جو بالکل اچھے کام کرنے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ جبکہ وہ وقت یسُوع کے لیے، دُعا، کلام کا مطالعہ، گواہی، اور کلیسیائی خدمات میں باہم جمع ہونے کا ہوتا ہے۔ اَیسا کرتے ہوئے، ہم اصل مقصد سے نظریں ہٹا لیتے ہیں اور ثانوی معاملات میں ڈوب جاتے ہیں۔

د۔ نیند سے مراد رُوحانی طور پر سو جانا ہے۔ یہ آج کا سب سے بڑا مسئلہ ہو سکتا ہے۔ جب اِنسان سوتا ہے تو اُسے معلوم نہیں ہوتا کہ وہ سو رہا ہے۔ یسُوع کے ساتھ ہمارے تعلقات کو جانتے ہوئے، بغیر کسی طاقت کے خداپرستی کی ایک شکل کا ہونا، اور یسُوع کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لینے سے انکار کرنا- یہ تمام چیزیں اور دیگر چیزیں اُن لوگوں کی نیندیں اڑاتی ہیں جو، جب تک بیدار نہ ہوں، سچائی کے لمحے سے گزر جائیں گے۔



## 3۔ میں خُدا کی بقیہ کلیسیاء میں شامل ہوا اور کبھی اتنا خوش نہیں رہا۔ لیکن مجھے کبھی بھی شیطان نے اتنا ہراساں نہیں کیا۔ ایسا کیوں ہے؟

**جواب:** کیونکہ شیطان خُدا کے بقیہ لوگوں سے ناراض ہوتا ہے اور اُن کو تکلیف دینے اور حوصلہ شکنی کرنے میں اپنا وقت صرف کرتا ہے (مکاشفہ 17:12)۔ یسُوع نے وعدہ نہیں کیا تھا کہ اُس کے لوگ آزمائشوں، پریشانیوں، شیطان کے حملوں، سخت اوقات، اور یہاں تک کہ شیطان کی طرف سے شدید زخم برداشت نہیں کریں گے۔ اُس نے وعدہ کیا تھا کہ ایسی چیزیں یقیناً، اُس کے لوگوں کو در پیش ہوں گی (2۔ تیمتھیس 12:3)۔ تاہم، اُس نے بڑا شاندار وعدہ کیا: (1) اپنے لوگوں کو فتح دلانے (1۔ کرنتھیوں 57:15)، (2) ہر وقت اپنے لوگوں کے ساتھ رہنے، ہر مشکل میں جو اُنہیں در پیش ہو گی (متی 20:28)، (3) اُن کو سلامتی دینے کا (یوحنا 33:16؛ زبور 165:119)، اور (4) اُنہیں کبھی ترک نہ کرنے کا (عبرانیوں 5:13)۔ آخر میں، یسُوع نے وعدہ کیا کہ وہ اپنے بچوں کو اِس قدر مضبوطی سے پکڑے گا کہ کوئی بھی اُنہیں اُس کے ہاتھ سے نہیں چھین سکے گا (یوحنا 28:10، 29)۔ آمین!

## 4۔ "کلیسیاء" لفظ کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** لفظ "کلیسیا" کا ترجمہ یونانی لفظ "ekklesia"، "کا ترجمہ ہے جس کا مطلب "باہر بلائے ہوئے۔" کتنا موزوں ہے! یسُوع کے لوگوں کو دُنیا اور بابل سے اُس کی قیمتی محافظت میں بلایا گیا ہے۔ لوگ بپتسمہ لے کر یسُوع کی بقیہ آخری وقت کی کلیسیا کا حصّہ بن جاتے ہیں جب یسُوع اُنہیں بُلاتا ہے۔ یسُوع کہتا ہے، "میری بھیڑیں میری آواز سُنتی ہیں اور میں اُنہیں جانتا ہُوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں" (یوحنا 27:10)۔

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

# یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی سیریز میں سے صرف ایک ہے !

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے
جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔
کسی ایک کو مت چھوڑیں !




مخالفِ مسیح
کون ہے؟



عرش سے فرشتوں
کے پیغامات



منصوبہ نجات کا
آسمانی ڈھانچہ



صحیح وقت پر !
نبُوّتی فرمان کا ظہور



آخری عدالت



حَیوان کی چھاپ



بائبل کی پیشینگوئی
میں امریکہ کا کردار



"دُوسری"
عَورت



مسیح کی دُلہن


کیاخُدا نجومیوں اور
نفسیات کی حوصلہ
افزائی کرتاہے؟



کیاہم خداپر یقین
رکھتے ہیں؟



ایک محبّت جو بدل
دیتی ہے



پیچھے نہیں مڑنا

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:
**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 23 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

**1۔ یسوع مسیح کس طرح پیشینگوئی میں اپنی سچی کلیسیا کی نشانی پیش کرتا ہے؟ (1)**

☐ ایک اونچے مینار سے
☐ ایک پاکیزہ عورت
☐ بطورِ حیوان
☐ ایک پُراسرار بادل
☐ ایک پُرنور فرشتہ

**2۔ "بیابان" کیا تھا جس میں کلیسیا نے بھاگ کر پناہ لی تھی؟ (1)**

☐ تنہا، جگہیں جیسے غاریں، جنگلات وغیرہ۔
☐ عراق
☐ صحرائے اعظم صحرا

**3۔ درج ذیل چیزیں تین فرشتوں کے پیغامات کا حصّہ ہیں: (3)**

☐ بابل گر پڑا ہے۔ اُس سے باہر نکل آؤ!
☐ جہنم اَبد الآباد جلتی رہتی ہے۔
☐ خُدا کی عدالت کا وقت آ پہنچا ہے۔ اُس کے پاک سبت کو برقرار رکھتے ہوئے خالق کے طور پر اُس کی تعظیم، تعریف، اور اُس کی عبادت کریں — جو اُس کی مہر اور نشانی ہے۔
☐ وبائیں ختم ہو گئیں۔
☐ ہر ایک کو بچایا جا رہا ہے۔
☐ حَیوان کی پرستش نہ کرو، یا اُس کی چھاپ حاصل کرو۔

**4۔ یسوع ہمیں اپنی بقیہ کلیسیاء میں رہنمائی کرنے کے لئے چھ شناختی نکات فراہم کرتا ہے۔ یہ کلیسیا کرے گی (6)**

☐ اِس میں بہت سے اچھے مسیحی ہیں۔
☐ اِس کے پاس نبوّت کی رُوح کی نعمت ہے۔
☐ دَس احکامات کو مانیں گے، جس میں سبت شامل ہے۔
☐ زُبانوں میں باتیں کرتی ہے۔
☐ اِس میں کچھ ریاکار ہوں گے۔
☐ دُنیا بھر میں ایک مشنری کلیسیا بنیں۔
☐ عظیم مسیحی گیت گا کر لطف اُٹھائیں گے
☐ اِس کی بڑی خوبصورت چرچ بلڈنگیں ہیں۔
☐ بہت دُعا کریں گے
☐ اور 1798 کے بعد اُٹھتی ہے اور اپنا کام کرتی ہے۔
☐ سن 538ء اور 1798 عیسوی کے درمیان باضابطہ تنظیم کے طور پر موجود نہیں ہے۔
☐ (مکاشفہ 14-6:14) کے تینوں فرشتوں کے پیغامات کی تبلیغ اور تعلیم دیتی ہے۔

**5۔ کلیسیا کو بیابان میں کتنے عرصے تک رہنا تھا؟ (1)**

☐ پانچ سال
☐ 1،260 سال
☐ 1،000 سال
☐ 33 سال
☐ 680 سال
☐

**6۔ براہ کرم کالم ایک میں ہر علامت سے پہلے والے حرف کو کالم دو میں اس کے لغوی معنی سے پہلے رکھیں (نیچے مثال دیکھیں)۔ (6)**

| علامت | لغوی معنی |
|---|---|
| **A.** 12 ستاروں کا تاج | A. آخری بچا ہوا حصّہ |
| **B.** عورت کے پاؤں نیچے چاند | A. یسوع |
| | **A** 12 شاگرد |
| **C.** ایک بڑا اسرخ اژدہا | A. کلیسیاء |
| **D.** بقیہ | A. عہد نامہ قدیم کا قربانی کا نظام |
| **E.** عورت | A. شیطان بُت پرست روم کے ذریعے کام کر رہا ہے |
| **F.** سُورج | |
| **G.** عورت سے پیدا ہونے والا بچہ | A. یسوع اور اُس کی راستبازی |

**7۔ کیا یسوع اپنے لوگوں کو دُنیا اور بابل سے باہر اور اپنی بقیہ کلیسیاء میں بلاتا ہے؟ (1)**

☐ جی ہاں۔
☐ نہیں۔

**8۔ کوئی شخص بقیہ کلیسیاء میں کیسے شامل ہوتا ہے؟ (1)**

☐ مبلغ کے ہاتھ ملانے سے
☐ ممبر شپ کارڈ پر دستخط کرنے سے
☐ بپتسمہ کے ذریعے
☐ ایک بڑا چندہ دے کر

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

9۔ تمام کلیسیاؤں میں بہت سارے اچھے مسیحی ہیں، یہاں تک کہ کچھ ایسے بھی ہیں جو کسی کلیسیاء کے رُکن نہیں ہیں۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

10۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی چیز مسیحیوں کو بلا تحفظ اور کھو جانے کا سبب بنتی ہے؟ (4)
- ☐ اعتدال پسند نہیں ہونا
- ☐ رُوحانی مدہوشی
- ☐ اِس زِندگی کی فکریں
- ☐ رُوحانی طور پر سو جانا
- ☐ اپنے مذہب کے بارے میں بہت زیادہ پرجوش ہونا
- ☐ وفادار گواہی دینا
- ☐ اخبار پڑھنا

11۔ خُدا ہر شخص تک جلدی سے خوشخبری پہنچانے کے بعد لے کر زمین پر اپنے کام کو ختم کردے گا۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

12۔ مندرجہ ذیل میں سے کن کا خُدا اپنے بچوں سے وعدہ کرتا ہے؟ (4)
- ☐ امن
- ☐ اُنہیں کوئی پریشانی نہیں ہو گی۔
- ☐ فتح
- ☐ وہ کبھی بیمار نہیں ہوں گے۔
- ☐ کوئی بھی اُن کو باپ اور یسُوع کے ہاتھوں سے نہیں چھین سکتا ہے۔
- ☐ وہ اُنھیں کبھی ترک نہیں کرے گا۔
- ☐ وہ دولت مند ہوں گے۔

13۔ لفظ ‘‘کلیسیاء" کا لفظی معنی کیا ہوتا ہے؟ (1)
- ☐ عبادت لے لیے باقاعدہ نامزد جگہ
- ☐ وفاداروں کی جماعت
- ☐ "باہر بُلائے ہوئے"
- ☐ ایک کیتھیڈرل (بڑا گرجا گھر)

14۔ میں خُدا کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا کا حصّہ بننا چاہتا ہوں۔
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

AMAZING FACTS

اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔
اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔


www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480